نیوز ریلیز

# البرٹا میں ویکسین کی نئی ضروریات اور کووِڈ-19 کے اقدامات

15 ستمبر، 2021ء

البرٹا نے پبلک ہیلتھ ایمرجینسی کی حالت کا اعلان کیا ہے اور وہ اپنی صلاحیت کی گنجائش کو بڑھانے، حفاظتی ٹیکوں کی شرح کو بڑھانے اور کووِڈ-19 کی منتقلی کو کم کرنے کیلئے صحت کے نئے اقدامات نافذ کرے گا۔

کووِڈ-19 کے پھیلاؤ کو کم کرنے میں مدد کیلئے صحت کے نئے عارضی اقدامات صوبے بھر میں لاگو ہوں گے۔ اس میں ریستوران، اندرونی اجتماعات، شادیوں اور تجہیز و تکفین، خوردہ فروشی، تفریحی مقامات، اور انڈور کھیل اور فٹنس پر 20 ستمبر سے نئی پابندیاں شامل ہیں۔ کام کی جگہوں، اندرونی نجی اجتماعات، عبادت گاہوں، اسکولوں اور بچوں کی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ تمام اندرونی عوامی مقامات پر لازمی طور پر ماسک پہننا اور جسمانی فاصلہ رکھنے کے اقدامات 16 ستمبر سے شروع ہوں گے۔

20 ستمبر سے، کاروبار یا ایونٹ کے منتظمین جو حکومت کی طرف سے جاری کردہ حفاظتی ٹیکے لگنے کے ثبوت یا حالیہ منفی نجی طور پر خریدے گئے کووِڈ-19 ٹیسٹ کیلئے پروگرام چیکنگ سرپرستوں کو نافذ کرنے کا انتخاب کرتے ہیں وہ ان پابندیوں سے مستثنٰی ہوں گے۔ اگر کوئی کاروبار یا سروس حفاظتی ٹیکوں کے ثبوت کی ضروریات نافذ نہ کرنے کا انتخاب کرتی ہے، تو انہیں صحت کے نئے اقدامات پر عمل کرنے کی ضرورت ہوگی۔

**صوبے بھر میں پبلک ہیلتھ کے نئے اقدامات**

**مندرجہ ذیل اقدامات 16 ستمبر سے مؤثر ہوں گے:**

**کام کی جگہیں:**

- گھر سے کام کرنے کے لازمی اقدامات اس وقت تک موجود ہیں جب تک کہ ایمپلائر نے آپریشنل اثر پذیری کیلئے جسمانی موجودگی کا تعین نہ کیا ہو۔

**نجی سماجی اجتماعات:**

- ویکسین لگوانے کے اہل، اور مکمل طور پر ویکسین لگوائے ہوئے افراد کیلئے اندرونی نجی اجتماعات ایک گھرانے کے علاوہ ایک دوسرے گھرانے میں زیادہ سے زیادہ 10 افراد تک محدود ہیں، 12 سال سے کم عمر کے بچوں پر کوئی پابندی نہیں ہے۔
- ویکسین کے اہل افراد جنھوں نے ویکسین نہیں لگوائی ہوئی، انہیں کسی بھی اندرونی پرائیویٹ سماجی اجتماع میں شرکت کی اجازت نہیں ہے۔
- بیرونی نجی سماجی اجتماعات کی زیادہ سے زیادہ 200 افراد کو اجازت ہے، جس میں دو میٹر کا جسمانی فاصلہ ہر وقت برقرار رکھا جائے گا۔

**عبادت کی جگہیں:**

- عبادت گاہوں کو لازمی طور پر اپنی حاضری کو ایک تہائی فائر کوڈ کی گنجائش تک محدود رکھنا چاہئے۔
- چہرے کے ماسک لازمی ہوں گے اور گھرانے کے افراد کے درمیان دو میٹر کا جسمانی فاصلہ لازماً ہونا چاہئے یا تنہا رہنے والوں کیلئے دو قریبی رابطے ہونے چاہئیں۔

**بیرونی تقریبات اور سہولیات جن میں کوئی اندرونی حصہ شامل نہیں (بیت الخلاء کے علاوہ):**

- حاضری کی کوئی پابندیاں نہیں ہیں، تاہم دو میٹر کا جسمانی فاصلہ لازمی ہے۔

**اسکول (K-12):**

- گریڈ 4 اور اس سے اوپر کے گریڈ کے طلباء کیلئے ماسک پہننا لازم ہے، اسکے علاوہ تمام گریڈز کے اساتذہ اور عملے کیلئے ماسک پہننا لازم ہے۔ وہ اسکول جو متبادل کووِڈ حفاظتی پلان پر عمل درآمد کر سکتے ہیں انہیں لازمی ماسک پہننے سے مستثنٰی قرار دیا جا سکتا ہے۔
- ایلیمینٹری اسکول سیکھنے کے کلاس گروپوں کا نفاذ کریں گے۔
- اسکولوں میں جسمانی سرگرمیوں کیلئے:
    - 18 سال یا اس سے کم عمر کے نوجوانوں کو جسمانی سرگرمی میں ماسک لگانے یا دو میٹر کا جسمانی فاصلہ برقرار رکھنے کی ضرورت نہیں ہے۔
    - بیرونی سرگرمیوں پر کوئی پابندی نہیں ہے۔
    - جہاں ممکن ہو اندرونی کھیل/کارکردگی/تفریح/خصوصی دلچسپیوں کی اجازت دو میٹر جسمانی فاصلے کی ضروریات کے ساتھ ہے۔

بچوں کے کھیل/کارکردگی/تفریح (غیر نصابی کھیل، کارکردگی، تفریح اور خصوصی دلچسپی):

- اندرونی سرگرمیوں کی اجازت ہے، جس میں دو میٹر کا جسمانی فاصلہ اور جہاں ممکن ہو ماسک لگانے کی شرائط، اور حصہ لینے والوں کی علامات کی اسکریننگ۔
- 18 سال اور اس سے کم عمر کے نوجوانوں کو جسمانی سرگرمی کے دوران ماسک پہننے یا جسمانی فاصلہ برقرار رکھنے کی ضرورت نہیں ہے، جیسے کہ ٹیم کا کھیل۔
- تماشائیوں کی حاضری ایک تہائی فائر کوڈ کی گنجائش تک محدود ہے۔ حاضرین کو لازماً نقاب پہنے ہوئے ہونا چاہئے اور مختلف گھرانوں کے درمیان جسمانی فاصلے کو یا ایک فرد جو تنہا رہتا ہے اور ان کے دو قریبی رابطوں کے درمیان جسمانی فاصلے کو یقینی بنانا چاہئے۔
- بیرونی سرگرمیوں پر کوئی پابندی نہیں ہے۔

بچوں کی سرگرمیاں:

- بچوں کے ڈے کیمپس میں حصہ لینے والوں کے درمیان لازمی طور پر دو میٹر کا جسمانی فاصلہ اور اندرونی جگہوں پر ماسک پہنا ہوا ہونا چاہئے۔
- بچوں کے راتوں کے کیمپوں کو لازمی طور پر گروپ ماڈلز پر عمل کرنا ہوگا۔

مندرجہ ذیل اقدامات **20** ستمبر کو مؤثر ہوں گے:

ریستوران:

- باہر کھانا کھانے میں صرف زیادہ سے زیادہ چھ افراد فی میز (ایک گھرانا یا تنہا رہنے والوں کیلئے دو قریبی رابطے)۔
- شراب کی فروخت اور استعمال (رات 10 بجے فروخت اور رات 11 بجے استعمال) لاگو ہوتا ہے۔
- ریستوران پابندیوں سے مستثنٰی پروگرام نافذ کرنے کے اہل ہیں۔

**شادیاں اور تجہیز و تکفین:**

- تمام اندرونی تقریبات اور خدمات 50 حاضرین یا 50 فیصد فائر کوڈ کی گنجائش تک محدود ہیں، جو بھی کم ہو۔
- اندرونی استقبال کی اجازت نہیں ہے۔
    - میزبانی کی سہولت پابندیوں سے مستثنٰی پروگرام کو نافذ کرنے کی اہل ہوگی۔
- شادیوں اور تجہیز و تکفین کیلئے تمام بیرونی تقریبات اور خدمات کو لازماً 200 حاضرین تک محدود ہونا چاہئے۔ بیرونی استقبالیوں کیلئے ضروری ہے کہ شراب کی فروخت اور استعمال پر پابندی لگائی جائے (یعنی فروخت رات 10 بجے ختم ہوگی اور اس کا استعمال رات 11 بجے ختم ہو جائے گا)۔

- میزبانی کی سہولت پابندیوں سے مستثنٰی پروگرام کو نافذ کرنے کی اہل ہوگی۔

**خوردہ فروشی، تفریحی اورتفریحی سہولیات (اس میں کوئی بھی اندرونی مقامات، لائیبریریاں، کانفرنسیں، کرائے کی جگہیں، کنسرٹس، نائٹ کلب، کیسینو اوراسی طرح کی دوسری سرگرمیاں شامل ہیں):**

- حاضری ایک تہائی فائر کوڈ کی گنجائش تک محدود ہے اورحاضرین کو صرف اپنے گھروالوں کے ساتھ یا اکیلے رہنے والوں کیلئے دو قریبی رابطوں کے ساتھ شرکت کی اجازت ہے۔ حاضرین کو لازمی طورپر نقاب پہنے ہونا چاہئیں اورگھرانوں کے درمیان دو میٹرکا جسمانی فاصلہ رکھنا چاہئے۔
    - یہ سہولیات پابندیوں سے مستثنٰی پروگرام کو نافذ کرنے کی اہل ہیں۔

**بالغ (18 سال سے زائد) کھیلیں، فٹنس، کارکردگی اورتفریح:**

- اندرونی سرگرمیاں:
    - اندرونی گروپ کلاسزیا سرگرمیوں کی اجازت نہیں ہے۔
    - ایک کے ساتھ ایک پر مبنی تربیت یا انفرادی ورزش کی اجازت ہے لیکن تین میٹر جسمانی فاصلے کی ضرورت ہے۔
    - کھلاڑیوں کے درمیان کوئی رابطہ نہیں؛ اندرونی مقابلوں کوروک دیا گیا ہے ماسوائے ان جگہوں کے جہاں ویکسین کی چھوٹ دی گئی ہو۔
    - یہ سہولیات اورپروگرام پابندیوں میں چھوٹ کے پروگرام کو نافذ کرنے کی اہل ہیں۔ کیس سے کیس کی بنیاد پر مخصوص چھوٹ بھی دی جا سکتی ہے۔
- بیرونی سرگرمیوں پر کوئی پابندی نہیں ہے۔

**پابندیوں سے مستثنٰی پروگرام**

- 20 ستمبرسے، ویکسین کے اہل افراد کوپچھلے 72 گھنٹوں کے اندراندر حکومت کی طرف سے جاری کردہ امیونائزیشن کے ثبوت یا نجی طوراادائیگی شدہ کووِڈ-19 کے منفی ٹیسٹ فراہم کرنا ہوگا تاکہ صوبے بھر میں مختلف قسم کی سماجی، تفریحی اور صوابدیدی ایونٹس اورکاروباری اداروں تک رسائی حاصل کی جاسکے۔
- پروگرام میں حصہ لینے والی بعض جگہوں میں داخل ہونے کیلئے، بشمول ریستوران، بارز اور اندرونی منظم تقریبات میں، 12 سال یا اس سے زائد عمر کے افراد کوویکسینیشن کا ثبوت یا حالیہ ٹیسٹ کا منفی نتیجہ دکھانا ہوگا۔
- وہ کاروبار جوپابندیوں سے مستثنٰی پروگرام کو نافذکرتے ہیں وہ معمول کے مطابق کام کریں گے، بشرطیکہ وہ صرف ان لوگوں کی خدمت کررہے ہوں جن کے پاس حفاظتی ٹیکوں کا ثبوت ہے یا جن کے پاس موجودہ ضروریات کے مطابق حال ہی میں نجی معاوضہ پرمنفی ٹیسٹ ہو۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ فوری طورپر اوربغیرکسی پابندی کے کسی بھی ویکسینیشن کے اہل فرد کی خدمت کرسکتے ہیں جو مندرجہ ذیل پر پورا اترتے ہوں:
    - جس کے پاس دوہری ویکسینیشن کا ثبوت ہے (نوٹ کریں کہ 20 ستمبر اور 25 اکتوبرکے درمیان ایک عبوری مدت کیلئے، ایک ٹیکے کا ثبوت اس وقت تک قابل قبول سمجھا جائے گا جب تک کہ خدمت کے وقت سے دو ہفتے یا اس سے زائد عرصہ پہلے ٹیکہ لگا ہو)۔
    - جس کے پاس میڈیکل استثنٰی کی دستاویزات ہوں۔
    - جس کے پاس حالیہ (پچھلے 72 گھنٹوں کے اندر) منفی کووِڈ-19 ٹیسٹ (پی سی آر یا ریپڈ ٹیسٹ) کا ثبوت ہو۔ ٹیسٹ البرٹا ہیلتھ سروسزیا البرٹا پریسیژن لیبارٹریز سے نہیں ہوسکتا۔
    - 12 سال سے کم عمر بچوں کو حصہ لینے والے کاروبار میں داخل ہونے کیلئے حفاظتی ٹیکوں یا منفی ٹیسٹ کا ثبوت فراہم کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔
    - یہ پروگرام ان کاروباری اداروں یا ان اداروں پر لاگو نہیں ہوگا جن تک روزمرہ زندگی گزارنے کیلئے رسائی کی ضرورت ہے۔
- البرٹنزمائی ہیلتھ ریکارڈزکے ذریعے اپنے کووِڈ-19 ویکسینیشن ریکارڈ کی نقول حاصل کرسکتے ہیں۔ وقتی طورپر، البرٹنز کو اپنے ریکارڈز ڈاؤن لوڈ کرنے کیلئے مائی ہیلتھ ریکارڈز میں لاگ اِن ہونے سے گریز کرنا چاہئے۔ پرنٹ کیا جانے والا کارڈ، جو 16 ستمبر کو دستیاب ہونے والا تھا، اب 19 ستمبرکو دستیاب ہوگا۔

مکمل ویکسین لگوائیں

79.5 فیصد سے زائد اہلِ البرٹنز اب کووِڈ-19 ویکسین کا کم ازکم ایک ٹیکہ لگوا کر محفوظ ہیں اور 71.4 فیصد مکمل طورپر ویکسین لگوا چکے ہیں۔ ویکسینز ڈرامائی طورپر شدید نتائج اور انفیکشن کے خطرے کو کم کرتی ہیں۔

ویکسینز کووِڈ-19 کے خلاف جنگ میں سب سے طاقتور ہتھیار ہیں۔ ویکسین اپوائنٹمینٹس وسیع پیمانے پر اے ایچ ایس یا حصہ لینے والی فارمیسیوں اور فزیشن کلینکس کے ذریعے دستیاب ہیں۔ اپنی اپوائنٹمینٹ یہاں بک کروائیں alberta.ca/vaccine۔ پہلے ٹیکے منتخب واک اِن کلینک کے مقامات پر بھی دستیاب ہیں۔ دو ٹیکے زیادہ سے زیادہ مؤثر اور دیرپا تحفظ فراہم کرتے ہیں۔

## متعلقہ معلومات

- البرٹنز کیلئے کووِڈ-19 کی معلومات

## ملٹی میڈیا

- نیوزکانفرنس دیکھیں

## میڈیا انکوائریز


ہیریسن فلیمنگ (Harrison Fleming)
780-984-3543
قائم مقام پریس سیکریٹری، آفس آف دی پریمیئر

اسٹیو بیوئیک (Steve Buick)
780-288-1735
سینئر پریس سیکریٹری، ہیلتھ


*مزید ترجمہ شدہ حکومتی وسائل کیلئے، براہِ کرم ملاحظہ کریں: https://www.alberta.ca/covid-19-translated-resources.aspx.*